وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

سال 2022ء میں بجٹ میں اضافے کے بغیر پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں۔وفاقی محتسب

وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں، افرادی قوت بڑھائے اور اضافی بجٹ حاصل کئے بغیر سال 2022ء میں پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائیں۔وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے اس سال ایک لاکھ ساٹھ ہزار سے زیادہ شکایات نمٹا کر اپنی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے۔آن لائن شکایات میں 100 فیصد اضافہ ہوا۔انوسٹی گیشن افسران کی کارکردگی میں بھی سو فیصد اضافہ ہوا۔یہ بات وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مختلف اداروں کے سربراہان کے ساتھ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کے دوران بتائی۔وفاقی محتسب نے کہا کہ سال 2022ء کے دوران شکایات کی سماعت آن لائن کرنے سے شکایت کنندگان کے وقت اور پیسے کی بچت ہوئی۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے سترہ علاقائی دفاتر کے افسران نے کھلی کچہریوں، دفاتر کے دوروں اور او سی آر شکایات کے ذریعے عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا اور کسی اضافی بجٹ اور افرادی قوت کے بغیر ان کی کارکردگی میں سو فیصد اضافہ ہوا۔وفاقی محتسب نے بتایا کہ ان کے ادارے نے سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے پر خصوصی توجہ دی جس کی وجہ سے سال 2021ء کے مقابلے میں سال 2022ء میں شکایات میں 133 فیصد اضافہ ہوا۔اس سال اوورسیز پاکستانیوں کی 137,423 شکایات نمٹائی گئیں۔ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کی شکایات کے ازالے کے لئے سوات، خضدار، خاران اور میرپور خاص میں نئے علاقائی دفاتر اور وانا (جنوبی وزیرستان) وصدہ ضلع کرم میں دو شکایات سینٹر قائم کئے گئے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب پر عوام کے اعتماد کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سال 2022ء کے دوران تین ارب روپے سے زائد مالیت کی شکایات کے لئے وفاقی محتسب سے رجوع کیا گیا بصورت دیگر ان تنازعات کا بوجھ بھی عام عدالتوں پر پڑنا تھا۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر فی شکایت اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

12 جنوری 2023ء

PR NO...02

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، علاقائی دفتر، پشاور

Press Release

سال 2022ء میں بجٹ میں اضافے کے بغیر پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں۔وفاقی محتسب

وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں۔اعجاز احمد قریشی

پشاور(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں، افرادی قوت بڑھائے اور اضافی بجٹ حاصل کئے بغیر سال 2022ء میں پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائیں۔وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے اس سال ایک لاکھ ساٹھ ہزار سے زیادہ شکایات نمٹا کر اپنی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے۔آن لائن شکایات میں 100 فیصد اضافہ ہوا۔انوسٹی گیشن افسران کی کارکردگی میں بھی سو فیصد اضافہ ہوا۔یہ بات وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے دورہ پشاور کے دوران مختلف اداروں کے سربراہان کے ساتھ اجلاس اور پریس کانفرنس کے دوران بتائی۔وفاقی محتسب نے کہا کہ سال 2022ء کے دوران شکایات کی سماعت آن لائن کرنے سے شکایت کنندگان کے وقت اور پیسے کی بچت ہوئی۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے سترہ علاقائی دفاتر کے افسران نے کھلی کچہریوں، دفاتر کے دوروں اور اوسی آر شکایات کے ذریعے عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا اور کسی اضافی بجٹ اور افرادی قوت کے بغیر ان کی کارکردگی میں سو فیصد اضافہ ہوا۔وفاقی محتسب نے بتایا کہ ان کے ادارے نے سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے پر خصوصی توجہ دی جس کی وجہ سے سال 2021ء کے مقابلے میں سال 2022ء میں شکایات میں 133 فیصد اضافہ ہوا۔اس سال اوورسیز پاکستانیوں کی 137,423 شکایات نمٹائی گئیں۔ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کی شکایات کے ازالے کے لئے سوات، خضدار، خاران اور میر پور خاص میں نئے علاقائی دفاتر اور وانا (جنوبی وزیرستان) وصدہ ضلع کرم میں دو شکایات سینٹر قائم کئے گئے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب پر عوام کے اعتماد کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سال 2022ء کے دوران تین ارب روپے سے زائد مالیت کی شکایات کے لئے وفاقی محتسب سے رجوع کیا گیا بصورت دیگر ان تنازعات کا بوجھ بھی عام عدالتوں پر پڑتا تھا۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر فی شکایت اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

12 جنوری 2023ء